22-03-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کو آزاد و شفاف طریقہ سے منعقد کرنے کیلئے الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں 2 ہزار 100 مبصرین کی ایک ٹیم تعینات کی ہے۔

☆ہندوستانی خلائی ادارہ اسرو نے آج کرناٹک کے چترادرگا میں واقع ایرانا ٹیکل ٹسٹ رینج میں ری یوزیبل لانچ وہیکل پشپک کی کامیابی کے ساتھ لینڈنگ کی ہے۔

☆بی آر ایس لیڈر کویتا کو سپریم کورٹ سے کوئی راحت نہیں ملی ہے۔کویتا کو گزشتہ ہفتہ دہلی شراب پالیسی کیس میں ای ڈی حکام نے گرفتار کیا تھا۔

☆بی آر ایس نے مرکزی حکومت پر اپنے سیاسی مخالفین کو کمزور کرنے کیلئے جانچ ایجنسیوں کا غلط استعمال کرنے کا الزام لگایا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے لوک سبھا انتخابات کیلئے پارٹی کے مزید دو امیدواروں کے ناموں کا آج اعلان کیا۔سابق آئی پی ایس افسر آر ایس پروین کمار ناگر کرنول سے امیدوار ہوں گے جبکہ سابق آئی پی ایس وینکٹ رام ریڈی میدک حلقہ سے بی آر ایس کے امیدوار ہوں گے۔بی آر ایس نے ابھی تک بھوا نگری، نلگنڈہ، سکندرآباد، حیدرآباد اور چیوڑلہ سیٹوں پر اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان نہیں کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

فیڈریشن آف تلنگانہ چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ایم ایس ایم ای محکمہ کے تعاون سے ایچ آئی سی سی مادھا پور میں شپنگ و لاجسٹک پر بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کیا۔انوسمنٹ پروموشن اینڈ ایکسٹرنل مینجمنٹ کے خصوصی سکریٹری ڈی وشنو وردھن اور وائس چیئرمین و مینجنگ ڈائرکٹر اسٹیٹ انڈسٹریز کارپوریشن نے عالمی تجارت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ لاجسٹک عالمی تجارت کی لائف لائن ہے۔انہوں نے سپلائی چین مینجمنٹ میں جغرافیائی اثر اور نئے طاقتور مراکز کے ظہور کا ذکر کیا۔وشنو وردھن نے کہا کہ حکومت عالمی مسابقت میں لاجسٹک کی قیمتوں میں کمی کے عہد کی پابند ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک بھر میں سرحد رابطہ کو بہتر بنانے اور بندرگاہوں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کیلئے پراجکٹس جیسے بھارت مالا اور ساگر مالا شروع کئے گئے ہیں۔انہوں نے انٹی گریٹیڈ انڈسٹریل ٹاؤن شپ اور ڈرائی پورٹس کے قیام کی ضرورت پر زور دیا۔اس موقع پر کنٹینر کارپوریشن آف انڈیا لمیٹیڈ کے چیئرمین اور مینجنگ ڈائرکٹر سنجے سروپ، جی ایم آر حیدرآباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹیڈ کے سی ای او پردیپ پانیکر، ایف ٹی سی سی آئی شپنگ اینڈ لاجسٹک کمیٹی کے چیئرمین کمل جین اور دیگر موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اطلاعات و نشریات انوراگ سنگھ ٹھاکر نے پشپک کامیاب لینڈنگ کے لئے اسرو کے سائنسدانوں کو مبارکباد دی۔سوشیل میڈیا پوسٹ کے ذریعہ انوراگ ٹھاکر نے کہا کہ ہمارے سائنسدانوں نے قابل ستائش کارنامہ انجام دیا ہے اور ملک کو خلائی شعبہ میں نئی بلندیوں پر لیجانے میں اپنا رول ادا کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ہندوستانی خلائی ادارہ اسرو نے آج کرناٹک کے چترادرگا میں واقع ایرانا ٹیکل ٹسٹ رینج میں ری یوزیبل لانچ وہیکل پشپک کی کامیابی کے ساتھ لینڈنگ کی ہے۔اسرو نے ایکس پر ایک پوسٹ کے ذریعہ اسے ایک اہم کامیابی قرار دیا۔اسرو کے چیئرمین ایس سومناتھ نے آٹونومس موڈ میں آر ایل وی کی لینڈنگ کے لئے سائنسدانوں کی ٹیم کو مبارکباد دی۔اسرو نے کہا کہ خلاء سے واپسی کے دوران آر ایل وی کی محفوظ لینڈنگ کا یہ کامیاب تجربہ کیا گیا۔پشپک کی کامیاب لینڈنگ کے ساتھ اسرو نے ملک کی ٹکنالوجی کا مظاہرہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے جنرل بکنگ کاؤنٹر پر کیو آر کوڈ کے ذریعہ رقمی لین دین کو متعارف کروایا گیا ہے۔ایس سی آر کے عہدیداروں کے مطابق تجرباتی پراجکٹ کے طور پر فی الحال سکندرآباد ڈیویژن کے چودھ اسٹیشنوں کے 31 کاؤنٹر پر کیو آر کوڈ کی سہولت دستیاب رہے گی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس لیڈر کویتا کو سپریم کورٹ سے کوئی راحت نہیں ملی ہے۔ کویتا کو گزشتہ ہفتہ دہلی شراب پالیسی کیس میں ای ڈی حکام نے گرفتار کیا تھا۔ عدالت عظمیٰ نے کویتا کو نچلی عدالت سے رجوع کرنے کی ہدایت دی۔ جسٹس سندیپ کھنہ، جسٹس ایم ایم سندریش اور جسٹس بیلا ترویدی کی خصوصی بنچ نے کویتا کی عرضی پر سماعت سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ وہ نچلی عدالت سے رجوع کریں اور عدلیہ کے نظام کی پاسداری کرے۔ عدالت نے کہا کہ وہ لوگوں کو اس بات کی اجازت نہیں دے گی کہ صرف سیاستداں ہونے اور عدالت عظمیٰ سے راست رجوع کرسکنے کی بناء پر وہ ضمانت حاصل کرنے کیلئے سپریم کورٹ کا رخ کریں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد سٹی پولیس نے شہریوں سے کہا کہ وہ فرضی فون کالس اور میسجس سے خبردار رہیں۔ سٹی پولیس کے ایکس اکاؤنٹ پر کہا گیا کہ مشتبہ فون کالس، ایس ایم ایس یا واٹس ایپ آنے پر شہری ڈپارٹمنٹ آف ٹیلی کمیونیکیشن کی جانب سے چلائے جارہے پورٹل Chaksu پر اطلاع دیں۔ پولیس نے مزید کہا کہ کسی بھی قسم کے سائبر دھوکہ کی جانکاری دیتے وقت اسکرین شاٹ، تاریخ اور وقت کا تعین ضرور کیا جائے۔ پورٹل پر شکایت درج کرانے پر متاثرہ شخص کا نام اور فون نمبر پوچھا جائے گا۔ اس کے لئے او ٹی پی کا نظام رہے گا۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کو آزادو شفاف طریقہ سے منعقد کرنے کیلئے الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں 2 ہزار 100 مبصرین کی ایک ٹیم تعینات کی ہے۔ مبصرین ڈسٹرکٹ الیکشن افسرس اور ریٹرننگ افسرس کے کاموں کی نگرانی کریں گے۔ انتخابی مرحلہ کے دوران کسی قسم کی دھمکی یا دیگر معاملات کی بھی وہ نگرانی کریں گے۔ اس کے علاوہ سکیورٹی فورسیس کی تعیناتی بھی ان کی ذمہ رہے گی۔ مبصرین کو ہدایت دی گئی کہ وہ پولنگ مراکز کا متواتر دورہ کرتے رہیں تاکہ پولنگ مراکز پر کسی بھی قسم کے مسائل یا چیلنجس سے نمٹنے میں آسانی ہوسکے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے خیریت آباد رکن اسمبلی دانم ناگیندر کو نوٹس جاری کیا ہے۔ سال 2023 کے اسمبلی انتخابات میں ان کی کامیابی کو چیلنج کردہ عرضی پر عدالت نے یہ نوٹس جاری کیا۔ انتخابی نتائج میں دوسرے نمبر پر رہی کانگریس لیڈر پی وجیا ریڈی نے یہ عرضی داخل کی ہے۔ انہوں نے ناگیندر کی جیت کو کالعدم قرار دینے کی عدالت سے اپیل کی۔ وجیا ریڈی کے وکیل ایس نریش نے عدالت کو بتایا کہ ناگیندر نے پیسوں کا استعمال کرتے ہوئے رائے دہندوں کو لبھایا اور ان کے خلاف کئی پولیس اسٹیشنوں میں کیس بھی درج ہوئے ہیں۔ عرضی گذار نے کہا کہ ناگیندر نے الیکشن کمیشن کو داخل کردہ اپنے پرچہ نامزدگی میں ان کی اہلیہ کے نام پر جائیدادوں کا ذکر نہیں کیا تھا۔ جسٹس اندراسین ریڈی کی سربراہی والی بنچ نے ناگیندر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کیا اور معاملہ کی سماعت آئندہ مہینہ کی اٹھارہ تاریخ تک ملتوی کردی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس نے مرکزی حکومت پر اپنے سیاسی مخالفین کو کمزور کرنے کیلئے جانچ ایجنسیوں کا غلط استعمال کرنے کا الزام لگایا۔ بی آر ایس نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات سے عین قبل اہم سیاسی لیڈران جیسے اروند کجریوال، ایم ایل سی کویتا اور دیگر پارٹیوں کے قائدین کی گرفتاری سے بی جے پی کے سیاسی محرکات کا پتہ چلتا ہے۔ نئی دہلی میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے لوک سبھا میں بی آر ایس کے فلور لیڈر ناما ناگیشور راؤ نے کہا کہ بی جے پی مرکزی ایجنسیوں کا غلط استعمال کرتے ہوئے دیگر سیاسی جماعتوں کو دبانے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے اپنی حلیف جماعتوں جیسے شیوسینا اور اکالی دل کو بھی نہیں بخشا جب وہ بی جے پی کیلئے خطرہ بن کر سامنے آرہے تھے۔

☆☆☆☆☆

نظام آباد شہر کے ایک تھیٹر میں آج ایک شارٹ فلم کی نمائش کی گئی جس میں سماج کے مختلف مسائل، کم عمری کی شادیاں، بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی، سائبر جرائم کو اجاگر کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ جج، ڈسٹرکٹ کلکٹر، کمشنر پولیس اور دیگر سینئر حکام اس موقع پر موجود تھے۔ تلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھارٹی اور اسٹیٹ فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے ایک شاٹ فلم تیار کی ہے۔ اس دوران نیشنل لیگل سرویس اتھارٹی کی اسکیموں کی جانکاری دی گئی اور بتایا گیا کہ لوگ کس طرح قانونی مدد حاصل کرسکتے ہے۔